# AKASHVANI NEWS SRINAGAR

## Text of Urdu news Bulletin

**Date : 17 August 2026**

**Time : 09:25 / AM**

**Opening**

آداب

یہ آکاشوانی سرینگر ہے۔خبروں کا بلیٹن لیکر میں عمر مختار

پہلے اہم خبروں کی سرخیاں۔

سینسس

جموں وکشمیر کے **16** اضلاع میں نشاندہ کئے گئے برف پوش بالائی علاقوں اورمرکز کے زیر انتظام لداخ میں آج سے مردم شماری کے سلسلے میں سیلف **Enumeration** کا آغاز ہورہا ہے۔ یہ عمل **31** اگست تک جاری رہے گا۔جموں کشمیر اورلداخ کیلئے ڈائریکٹر سینسس آپریشن امت شرمانے کہا کہ اس عمل سے نشاندہ کئے گئے علاقوں کے باشندوں کو ڈیجیٹل موڑ کے ذریعے اپنے بارے میں تفصیلات فراہم کرنے کا موقع ملے گا۔

بُڈھا یاترا

جموں صوبے کے پیرپنچال خطے کے پونچھ ضلع میں شری بابا بُڈھا امرناتھ جی یاترا کا آج سے باضابطہ آغاز ہورہا ہے۔لیفٹینینٹ گورنر منوج سنہانے آج صبح بھگوتی نگر جموں سے یاتریوں کے پہلے قافلے کو جھنڈی دکھا کر روانہ کیا۔اس سلسلے میں کل منعقد ہوئی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے لیفٹینینٹ گورنر نے کہا کہ یہ یاترا نظم وضبط اوریکجہتی کی علامت ہے۔انہوں نے یاتریوں سے تاکید کی کہ وہ اپنی زندگی میں دھرما اورسچائی کا راستہ اختیار کریں۔ایل جی نے کہا کہ بھارت میں مختلف عقائد کے لوگ مل جل کر رہتے ہیں اورکثرت میں وحدت اس ملک کا ایک خاصا ہے۔

----------**Byte LG**----------

لیفٹیننٹ گورنر گیت

اس دوران لیفٹیننٹ گورنر نے کل جموں میں ایک تقریب پر ڈوگری گیت ’’**Chitta**‘‘ کے **Album** کی رسم رونمائی انجام دیں۔ یہ گیت نشہ مکت جموں کشمیر کے موضوع پر لکھا گیا ہے۔ ایل جی نے اس گیت کے گلوکار ہیپی جسر وٹیا اور ہدایتکار نیرج این جے کو مبارکباد دی۔

حادثہ افسوس

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا اور وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کوٹرنکا راجوری میں پیش آئے سڑک حادثے میں انسانوں جانوں کے ذیاں پر رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔انہوں نے غمزدہ خاندانوں کے ساتھ یکجہتی اور ہمدردی ظاہر کی ہے۔ وزیر اعلیٰ نے جالندھر میں پیش آئے حادثے پر بھی افسوس کا اظہار کیا ہے۔انہوں نے متعلقہ حکام کو راجوری حادثے میں زخمی ہوئے افراد کو بہتر طبی سہولیات مہیا رکھنے کی ہدایت دی ہے۔

راجوری حادثہ

واضح رہے کہ کوٹرنکا میں کل ایک گاڑی کو اُس وقت حادثہ پیش آیا جب کنڈی سے موہرا جارہی یہ گاڑی ڈرائیور کے قابو سے باہر ہوکر ایک کھائی میں جا گری۔اس حادثے میں دو افراد از جان اور **4** دیگر زخمی ہو گئے۔زخمیوں کو علاج کیلئے گورنمنٹ میڈیکل کالج راجوری منتقل کیا گیا۔

ترنگا ریلی

ملک کے ساتھ ساتھ جموں وکشمیر میں بھی آج ہر گھر ترنگا مہم کے تحت سرگرمیاں اختتام کو پہنچ رہی ہیں۔

----**Music**-----

اس مہم کے تحت یوٹی کے تمام اضلاع میں ترنگا ریلیوں اور دیگر پروگراموں کا انعقاد کیا گیا۔جن کا مقصد حب الوطنی اور قومی یکجہتی کے جذبے کو فروغ دینے کے ساتھ ساتھ ملک کی جدوجہد آزادی کے سپوتوں کو خراج عقیدت ادا کرنا ہے۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے جموں وکشمیر میں ناگہانی آفات کے بعد بحالیاتی عمل کیلئے مرکزی وزارت داخلہ کی طرف سے منظور کردہ ایک ہزار 579 کروڑ روپے کے مالی پیکیج کے تحت جاری کاموں کی تیز تر عمل آوری یقینی بنانے پر زور دیا ہے۔ سرینگر میں متعلقہ افسروں کی ایک میٹنگ کے دوران انہوں نے متعلقہ محکموں کو ہدایت دی کہ وہ اس سلسلے میں پروجیکٹ مرتب کریں۔

عرس

آج بلند پایہ ولی حضرت خواجہ بہاؤ الدین نقشبند صاحب رحمۃ اللہ علیہ کا سالانہ عرس عقیدت واحترام کے ساتھ منایا جارہا ہے۔ اس سلسلے میں خواجہ بازار سرینگر میں واقعہ خانقاہِ نقشبندیہ پر درود واذ کار اور ختمات المعظمات کی مجلس منعقد ہورہی ہے۔ خانقاہ میں ''خوجہ دِگر'' کے نام سے مشہور نماز عصر آج شام ساڑھے پانچ بجے ادا کی جائے گی۔

این ای ٹی

نیشنل ٹیسٹنگ ایجنسی نے یو جی سی **NET** امتحان کیلئے انگریزی، کامرس اور سوشیالوجی پرچوں کا دوبارہ امتحان لینے کا اعلان کیا ہے۔ ایجنسی کو ان پرچوں سے متعلق کچھ شکایات موصول ہوئی ہیں۔ این ٹی اے کے مطابق انگریزی اور کامرس پرچوں کا دوبارہ امتحان **9** ستمبر جبکہ سوشیالوجی پرچے کا امتحان **10** ستمبر کو لیا جائے گا۔ واضح رہے یو جی سی **NET** کا امتحان اس برس **22** سے **30** جون تک لیا گیا تھا۔

شہر شہر منظر

عوامی مسائل پر مبنی ہفتہ وار پروگرام ''شہر شہر منظر'' کیلئے فون کالز کی ریکارڈنگ آج اور کل صبح ساڑھے دس بجے سے بارہ بجے تک ہورہی ہے۔ خواہشمند افراد اپنے مسائل ریکارڈ کروانے کیلئے فون نمبر **0194-2452019** پر کال کرسکتے ہیں۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 20 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 24 اعشاریہ 6 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

**Closing**

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔

خدا حافظ